وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ ع ۶

اور جہاں سن پایا وہ، جو نازل کیا گیا ہے رسول اسلام کی طرف، تو دیکھ لو ان کی آنکھیں، کہ آنسو

مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا

بہا رہی ہیں، کیونکہ انھوں نے حق پہچان لیا۔ وہ کہتے ہیں! اے ہمارے پروردگار ہم نے مان لیا،

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا

تو ہم کو لکھ لے گواہوں میں● اور اللہ کو، اور جو ہمارے پاس

مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾

حق آیا۔ کیوں نہ مانیں جب کہ ہم اسکے لالچی ہیں کہ داخل کردے ہم کو ہمارا پروردگار نیکوں کے ساتھ●

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

تو اللہ نے ان کو ثواب بخشا جو انھوں نے کہا اس کا، جنتیں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہمیشہ اس میں رہنے والے۔ اور یہ مخلصوں کی جزا ہے● اور جنھوں نے انکار کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ ع ۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو، تو وہ جہنم والے ہیں● اے وہ جو ایمان لا چکے!

لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا

نہ حرام قرار دو پاکیزہ چیزوں کو، جو اللہ نے حلال کر دیا تمہارے لئے، اور قانون نہ توڑو۔ بیشک اللہ نہیں

يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّ

پسند فرماتا قانون شکنوں کو● اور کھاؤ جو روزی فرما دیا تم کو اللہ نے حلال پاکیزہ۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ

ڈرو اللہ کو جس کو تم لوگ مانتے ہو● نہیں گرفت کرتا تمہاری اللہ

بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ

تمہاری بے خبری کی قسموں میں، لیکن پکڑے گا تم کو جو تم نے مضبوط عہد بنا دیا قسموں کو،

فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ

تو اس کا کفارہ ہے کھانا کھلانا دس مسکینوں کو، درمیانی درجہ کا، جو اپنے گھر والوں کو

اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

کھلاتے رہتے ہو، یا ان کو کپڑا پہنانا، یا ایک بردہ کو آزاد کرنا۔ تو جس نے نہ پایا، تو تین دن کا

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ؕ

روزہ۔ یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب قسم کھا کر رہ جاؤ۔ اور اپنی قسموں کا خیال رکھو۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اس طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لئے اپنی آیتوں کو، کہ کہیں تم شکرگزار ہو جاؤ● اے وہ جو

اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ

ایمان لا چکے! شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں،

عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ

شیطان کے کام، تو ان سے بچو کہ فلاح پاؤ● شیطان تو بس

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَ

یہی چاہتا ہے کہ ڈال دے تمہارے آپس میں دشمنی اور کینہ کو، شراب پینے و

الْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

جوا کھیلنے میں، اور روک دے تم کو ذکر الٰہی سے، اور نماز سے۔ تو اب کیا تم

مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ

باز آئے؟● اور کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو رسول کا، اور ڈرا کرو۔ تو اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى

تم نے منہ پھیرا، تو جان رکھو کہ ہمارے رسول پر صرف صاف صاف تبلیغ ہے● نہیں ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا

ان پر جو ایمان لائے اور نیک کام کئے کوئی گناہ، جو انھوں نے چکھ لیا تھا جب کہ وہ

اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا

ڈرے، اور ایمان لائے اور نیک کام کئے، پھر کانپے، اور خوب مان گئے، پھر تھرائے

وَّاَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۱۲ ع ۲

اور نیک کردار ہو گئے۔ اور اللہ محبوب رکھتا ہے مخلص نیکوکاروں کو● اے وہ جو ایمان لا چکے!

لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

ضرور جانچے گا تمہیں اللہ کچھ شکار سے، کہ پہنچ جائیں تمہارے ہاتھ اور نیزے ان تک،

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

تاکہ معلوم کرادے اللہ، کہ کون ڈرتا ہے اس کو بے دیکھے۔ تو جو حد سے آگے ہوا اس کے بعد،

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ

تو اس کے لئے عذاب ہے دکھ دینے والا● اے وہ جو ایمان لا چکے! نہ مارو شکار

وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا

جب کہ تم احرام باندھے ہو۔ اور جس نے مارا اس کو تم میں سے عمداً، تو اس کی پاداش جو

قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ

مارا ہے، اسکے برابر کا چوپایہ ہے، فیصلہ کریں اس کا دو منصف تم میں سے، قربانی کعبہ کو پہنچنے والی،

اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ

یا کفارہ ہے مسکینوں کی غذا، یا اس کے برابر روزے، تاکہ چکھے

وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ

اپنے کئے کا مزہ۔ اللہ تعالیٰ نے معاف فرما دیا جو پہلے ہو چکا۔ اور جس نے اب کیا، تو بدلہ لے گا اللہ

مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

اس سے۔ اور اللہ غلبہ والا انتقام والا ہے● حلال کر دیا گیا تم کو دریائی شکار اور اس کو غذا بنانا،

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۭ

تمہارے فائدہ کے لئے اور مسافروں کیلئے۔ اور حرام کیا گیا تم پر خشکی کا شکار جب تک کہ تم احرام میں ہو۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ

اور ڈرو اللہ سے جس کی طرف حشر کئے جاؤ گے● بنا دیا اللہ نے کعبہ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَ

حرمت والے گھر کو لوگوں کے قیام کا سبب، اور حرمت والے مہینہ کو اور حرم جانے والی قربانی اور

الْقَلَاۗىِٕدَ ۭ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

پٹّے والے جانوروں کو، یہ اسلئے کہ تم لوگ باور کرلو، کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے، اور جو

فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

کچھ زمین میں ہے، اور بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے● یقین مانو کہ بے شک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ

عذاب دینے میں بڑا سخت ہے، اور بے شک اللہ غفور رحیم ہے● رسول پر صرف

اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي

تبلیغ ہے۔ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرو اور جو تم چھپاؤ● کہدو کہ برابر نہیں ہے

الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

گندہ اور پاکیزہ، گو تمہیں اچھی لگے گندے کا دَل۔ تو اللہ سے ڈرو

يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا ۳ ع ۲

اے عقل مندو، کہ فلاح تو پاؤ● اے وہ جو ایمان لا چکے! نہ

تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَاۗءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ

پوچھا کرو ایسی چیزیں، کہ اگر صاف بتادی جائیں تم سے، تو بُرا لگے تم کو، اور اگر پوچھ پڑے تم ایسی بات جس وقت

يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ

قرآن اتارا جا رہا ہے، تو صاف ظاہر کر دیا جائیگا۔ اللہ اس سے معافی دے اور اللہ غفور حلیم ہے● ایسے

سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ

ہی سوالات کئے تھے تم سے پہلے لوگوں نے، پھر وہی اس کے منکر ہو گئے● اللہ نے نہیں ٹھہرایا

مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَاۗىِٕبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ

کان چرے ہوئے جانور اور نہ سانڈ کو، اور نہ وصیلہ بکری کو، اور نہ حامی اونٹ کو، لیکن جنھوں نے

كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَ

کفر کیا وہ بہتان رکھتے ہیں اللہ پر جھوٹ کا۔ اور ان کی اکثریت بے عقل ہے● اور

اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

جب انھیں کہا گیا کہ آجاؤ اسکی طرف جو نازل فرمایا اللہ نے اور رسول کی طرف، تو جواب دیا، کہ "ہمیں کافی ہے

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا وَّ

جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا" کیا گو ان کے باپ دادے نہ کچھ جانتے ہوں

لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ

نہ راہ پائی ہو؟ ● اے وہ جو ایمان لائے! اپنا اپنا خیال رکھو۔ نہ بگاڑے گا تمہارا

مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ

وہ، جو گمراہ ہو گیا جب کہ تم نے ہدایت پالی۔ اللہ کی طرف تم سب کو لوٹنا ہے، تو وہ تمہیں بتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ

جو کرتے تھے ● اے وہ جو ایمان لا چکے! تمہاری آپس کی پوری گواہی، جب آ گئی

اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ

تم میں سے کسی کی موت، وصیت کے وقت، دو معتبر ہیں۔ تمہارے یا دوسروں

مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ

سے دو ہیں۔ اگر تم نے سفر کر رکھا ہے، پھر پہنچی تمہیں موت کی

الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ

مصیبت، کہ روکو دونوں کو نماز کے بعد، تو قسم کھائیں اللہ کی۔ اگر

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ

تم کو شبہ ہوا، کہ ہم نہ لیں گے حلف کے بدلے کوئی دام، گو قرابت مند ہو۔ اور نہ ہم چھپائینگے اللہ کی گواہی کو،

اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا

کہ بیشک ہم ایسا کریں تو گناہ گاروں سے ہوں ● پھر اگر پتہ لگ گیا کہ دونوں نے جرم کا ارتکاب کیا،

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ

تو دو دوسرے ان کی جگہ کھڑے ہوں، ان میں سے جن پر پہلے والے حق دار بنے تھے،

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۡ

تو یہ دونوں قسم کھائیں اللہ کی، کہ ہماری گواہی زیادہ درست ہے ان دونوں کی گواہی سے، اور ہم نے زیادتی نہیں کی۔

اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰي

بے شک ایسا کریں تو ظالموں سے ہوں ● یہ طریقہ قریب تر ہے کہ گواہی دیا کریں

وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

واقعہ کے مطابق، یا ڈرتے رہیں کہ مردود کر دی جاتی ہیں کچھ قسمیں انکی کچھ قسموں کے بعد۔ اور اللہ سے ڈرو اور

اسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ

سنو۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان قوم کو● جس دن جمع کرے گا اللہ

الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

رسولوں کو، پھر کہے گا کہ کیا جواب دیئے گئے تم، سب کا جواب ہے کہ ہمارا علم کوئی چیز نہیں ہے۔ بیشک تو ہی علام

الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ

الغیوب ہے● جب کہ کہے گا اللہ اے عیسیٰ ابن مریم، یاد کرو میری نعمت کو اپنے اوپر،

وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۫ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي

اور اپنی ماں کے اوپر۔۔۔ جبکہ تیرے ہاتھوں کو مضبوط کیا روح القدس سے۔۔ کہ باتیں کرو لوگوں سے

الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ

ماں کی گود میں، اور بڑھاپے میں بھی، اور جبکہ سکھا دیا میں نے تم کو کتاب اور حکمت اور توریت و انجیل۔

وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ

اور جب کہ بنا دیتے تم مٹی سے، جیسے چڑیا کی مورت میرے حکم سے، پھر پھونکتے اس میں، تو وہ چڑیا

طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ

ہو جاتی میرے حکم سے، اور تندرست کر دیتے تم پیدائشی اندھے کو اور سفید داغ والے کو، میرے حکم سے، اور جب زندہ نکال دیتے تم

الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

مُردوں کو میرے حکم سے، اور جبکہ روک ڈال دی میں نے بنی اسرائیل کیلئے تم سے، جب کہ لائے تم ان کے

فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ

پاس معجزے، تو بولے وہ جو کافر تھے ان میں، کہ یہ تو بس کھلا ہوا جادو ہے● اور جبکہ میں نے

اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا

دل میں ڈال دیا حواریوں کے، کہ مجھ کو مانو اور میرے رسول کو، سب بولے کہ ہم نے مانا، اور تو گواہ رہ، کہ ہم بیشک

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ

مسلمان ہیں● جبکہ حواریوں نے کہا تھا کہ اے عیسیٰ ابن مریم، کیا تمہارا پروردگار یہ کر

رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ

سکتا ہے کہ اتار دے ہم پر ایک خوان آسمان سے؟ جواب دیا کہ اللہ سے ڈرو، اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَ

اس کو مانتے ہو● سب نے کہا" کہ ہم چاہتے ہیں کہ اُس سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور

نَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ ع

یقین کر لیں کہ آپ نے ہم کو سچ بتایا، اور ہم اُس پر گواہ ہو جائیں"● کہا

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ

عیسیٰ ابن مریم نے، "اے معبود ہمارے پروردگار، اُتار دے ہم پر خوان آسمان سے، کہ ہمارے

تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ

لئے عید ہو جائے، ہمارے اگلوں اور پچھلوں سب کیلئے، اور ایک نشانی تیری طرف سے۔ اور ہمیں روزی دے اور تو

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ

سب سے بڑھ کر روزی دینے والا ہے"● فرمایا اللہ نے، کہ "بیشک میں اتارتا ہوں اسے تم لوگوں پر، تو جس نے کفر کیا

مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع

تم میں سے اس کے بعد، تو بلاشبہ اس کو وہ عذاب دوں گا کہ جہاں میں کسی کو وہ عذاب نہ دوں گا"●

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ

اور جب کہے گا اللہ، "اے عیسیٰ ابن مریم، کیا تم نے کہا تھا لوگوں کو کہ بنا لو مجھ کو

وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ

اور میری ماں کو معبود اللہ کو چھوڑ کر؟" کہیں گے "سبحان اللہ! مجھے حق نہیں کہ

اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ

وہ بات کہوں جس کا مجھ کو حق نہیں۔۔۔ اگر میں نے کہا ہوتا، تو بیشک اس کو تو جانتا۔ تو جانتا ہے

مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

جو کچھ میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہے۔ بیشک تو ہی علام الغیوب ہے●

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ

میں نے نہیں کہا انھیں مگر جس کا حکم دیا تو نے، کہ پوجو اللہ کو، میرا پروردگار اور تم لوگوں کا پالنہار،

وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ

اور میں انھیں دیکھتا رہا، جب تک ان میں رہا، پھر جب تو نے پوری کر دی ان میں میری مدت قیام کو،

اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ

تو تو ہی نگہبان رہا۔ اور تو ہر ایک کا نگہبان ہے ● اگر

تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

عذاب دے ان میں سے جسکو، تو بیشک وہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر ان میں کسی کو تو بخش دے، تو بیشک تو ہی غلبہ والا

الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ

حکمت والا ہے“● فرمائے گا اللہ، ”یہ دن ہے کہ فائدہ دے سچوں کو ان کی سچائی“ انکے لئے

جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ

جنتیں ہیں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں۔ ہمیشہ ہمیش رہنے والے اس میں۔ اللہ ان سے

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ

راضی اور وہ اللہ سے راضی۔ یہ بڑی کامیابی ہے● اللہ ہی کی ہے ملکیت آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۵

اور زمین کی، اور جو کچھ ان میں ہے۔ اور وہ ہر چاہے پر قادر ہے●

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ ۶ مَكِّيَّةٌ ۵۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۶۵ رُكُوْعَاتُهَا ۲۰

سورۂ انعام مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا، آیات ۱۶۵ رکوع ۲۰

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

ساری خوبیاں اللہ کیلئے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو اور بنایا تاریکیوں

وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اور روشنی کو۔ پھر جنھوں نے کفر کیا، اپنے پروردگار کا برابر قرار دیتے ہیں● وہ ہے جس نے پیدا کیا تم کو

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

مٹی سے، پھر فیصلہ کیا ایک میعاد مقرر کا۔ اور ایک نامزد کیا وعدہ اس کے یہاں ہے، پھر تم لوگ

تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ

شک کرتے ہو● اور وہی اللہ ہے سارے آسمانوں اور زمین میں۔ جانے تمہارے چھپے کو

وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

اور تمہارے ظاہر کو، اور جانے جو تم کماؤ● اور نہ آئی ان کے پاس کوئی نشانی ان کے پروردگار

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ

کی نشانیوں سے، مگر ہو گئے اس سے روگرداں ● تو بیشک انھوں نے جھٹلایا حق کو جب انکے پاس آیا۔

فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

تو جلد آرہی ہیں انکے پاس خبریں جس سے ہنسی کر رہے تھے ● کیا انھوں نے نہیں دیکھا

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ

کہ ہلاک کر دیئے ہم نے ان سے پہلے ایسوں کو، جنھیں ہم نے اتنا مضبوط کر دیا تھا زمین میں جو تم کو نہ کیا،

لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ

اور بھیجا ان پر خوب برستا بادل، اور ہم نے نہریں کر دیں کہ بہیں

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

انکے نیچے، پھر ہم نے ہلاک کر دیا ان کو انکے گناہوں کی وجہ سے، اور اٹھائی ہم نے انکے بعد دوسری

اٰخَرِيْنَ ۝۶ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ

امت ● اور اگر ہم نے اتارا ہوتا تم پر کسی نوشتہ کو کاغذ میں، پھر انھوں نے اپنے ہاتھوں سے چھو لیا ہوتا،

لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

تو بھی کہتے جو کافر ہیں، کہ یہ نہیں ہے مگر کھلا جادو ● اور بولے، کہ "کیوں نہیں اتارا گیا

عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸ وَلَوْ

اس پر کوئی فرشتہ" اور اگر ہم اتار دیتے فرشتہ، تو کام ختم ہو گیا ہوتا۔ پھر ان کو مہلت نہ دی جاتی ● اور اگر

جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹ وَلَقَدِ

ہم بناتے نبی فرشتہ کو، تو بناتے اسے مرد، اور ضرور ان کو اسی شبہ میں رکھتے جس میں ہیں ● اور بیشک

اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا

ٹھٹھا کیا گیا تم سے پہلے کے رسولوں کے ساتھ۔ تو اتری انھیں پر جنھوں نے ہنسی کی تھی

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ ع ۱۰ ۷

ان کی ہنسی ● کہو، کہ "زمین میں گھومو! پھر دیکھو کہ کیا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

انجام ہوا جھٹلانے والوں کا" ● کہہ دو، کہ "کس کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے؟"

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کہو اللہ کا۔ قرار دے لیا اپنے کرم پر رحمت کو۔ تاکہ اکٹھا کرے تم کو روز قیامت،

لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲ وَلَهٗ مَا

اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ جنھوں نے گھاٹا کیا اپنے ساتھ، تو وہ نہیں مانتے● اور اسی کا ہے جو کچھ

سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۳ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ

بسا رات اور دن میں۔ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے● کہہ دو، کہ "کیا اللہ کے سوا

اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ قُلْ

دوسرے کو معبود بنالوں؟" پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا، اور وہ کھلاتا ہے اور کھلائے جانے سے پاک ہے۔ کہہ دو،

اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۴

کہ "بے شک مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ پہلا مسلمان ہونا، اور مشرکوں سے نہ ہونا"●

قُلْ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۱۵ مَنْ

کہہ دو، کہ "بیشک میں تو ڈروں"، اگر نافرمانی کی ہوتی اپنے پروردگار کی بڑے دن کے عذاب کو● جس

يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۱۶ وَاِنْ

سے پھیر دیا جائے عذاب اُس دن، تو بیشک رحم فرما دیا اُس پر۔ اور یہ کھلی کامیابی ہے● اور اگر

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ

اللہ تمہیں نقصان پہنچا دے، تو کوئی اس کا ہٹانے والا نہیں ہے، بجز اس کے۔ اور اگر بھلائی پہنچا دے،

فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ

تو وہ ہر چاہے پر قادر ہے● اور وہ زبردست ہے اپنے بندوں پر۔ اور وہ

الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱۸ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ۭ قُلِ اللّٰهُ ۣ شَهِيْدٌۢ

حکمت والا خبردار ہے● کہہ دو، کہ "سب سے بڑا گواہ کون؟" کہو، کہ 'اللہ'۔۔ گواہ ہے،

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۣ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ

ہمارے تمہارے درمیان۔۔ اور میری طرف وحی کیا گیا ہے یہ قرآن، تاکہ تم کو اس سے ڈراؤں اور جس جس کو

بَلَغَ ۭ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ۭ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ

پہنچے۔ کیا تم گواہی دیتے ہو، کہ اللہ کا شریک دوسرے معبود لوگ ہیں؟ کہو کہ میں تو گواہی نہیں دیتا۔

قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِیْنَ

کہہ دو کہ اللہ صرف ایک معبود ہے۔ اور بیشک میں بیزار ہوں جن کو شریک بناتے ہو● جن کو

اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا

دے رکھی ہے ہم نے کتاب، پہچانتے ہیں اس نبی کو جیسا کہ لوگ اپنے بیٹوں کو پہچانیں۔۔۔ جنہوں نے گھاٹا کیا

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ

اپنا، تو وہ نہیں مانتے● اور اس سے زیادہ ظالم کون، جس نے بہتان باندھا اللہ پر

كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

جھوٹ کا، اور جھٹلایا اس کی آیتوں کو۔ بیشک ظالم نجات نہ پائینگے● اور جس دن ہم ان سب

جَمِیْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْٓا اَیْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِیْنَ كُنْتُمْ

کو اٹھا کر لائینگے، پھر ہم کہیں گے انھیں جنہوں نے شرک کیا، کہ کہاں ہیں تمہارے شریک بنائے ہوئے جن پر

تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا

گھمنڈ کرتے تھے● پھر نہ رہ گئی ان کی کوئی شرارت، مگر یہ کہ بولے "قسم ہے اللہ کی ہمارا پروردگار، ہم تو

مُشْرِكِیْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَیْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

مشرک نہ تھے"● دیکھو کیسا اپنے اوپر جھوٹ بولے۔ اور گم ہو گئے ان سے جو

كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُ اِلَیْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ

گڑھا کرتے تھے● اور ان میں بعض وہ ہیں کہ کان لگائے تمہاری طرف، اور ڈال دیا ہم نے انکے دلوں پر

اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ یَّرَوْا كُلَّ اٰیَةٍ لَّا

غلاف کہ سمجھ سکیں، اور انکے کانوں میں ڈاٹ۔ اور اگر وہ ساری نشانی دیکھ ڈالیں، تو بھی اسے نہ

یُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْكَ یُجَادِلُوْنَكَ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا

مانیں۔ یہاں تک کہ جب آ گئے تمہارے پاس، تو بھی جھگڑتے ہیں تم سے کافر لوگ، کہتے ہیں

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۵﴾ وَهُمْ یَنْهَوْنَ عَنْهُ وَیَنْـَٔوْنَ

کہ نہیں ہے یہ قرآن، مگر پہلوں کے قصے● اور وہ اس سے روکتے ہیں اور خود رکتے ہیں۔

عَنْهُ ۚ وَاِنْ یُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ

اور نہیں ہلاک کرتے مگر اپنے آپ کو، اور پہچانتے نہیں● اور اگر دیکھو جب کہ

وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَ

کھڑے کر دیئے گئے جہنم پر تو چیخے، اے کاش ہم دوبارہ بھیجے جائیں، اور اپنے پروردگار کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں، اور

نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ

مسلمان ہو جائیں● بلکہ ظاہر ہو گیا ان کا جو پہلے چھپاتے تھے۔

وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ

اور اگر دوبارہ بھیجے گئے، تو دوبارہ کرینگے جس سے روکے گئے، اور بیشک وہ جھوٹے ہیں● اور بولے کہ نہیں ہے یہ

اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى

مگر ہماری یہی دنیاوی زندگی، اور ہم اٹھائے نہ جائینگے● اور اگر دیکھو جبکہ کھڑے کئے گئے اپنے

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا

پروردگار کے حضور، فرمایا کہ "کیا یہ حق نہیں؟" بولے "ہاں حق ہے، قسم ہے اپنے پروردگار کی"۔ فرمایا "تو چکھو

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ ع ۳ ۹

عذاب! جو انکار کیا کرتے تھے"● بیشک گھاٹے میں رہے جنھوں نے جھٹلایا اللہ سے ملنے کو،

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ

یہاں تک کہ جب آ گئی انکے پاس قیامت، اچانک چلّائے کہ ہائے افسوس، اسپر کہ ہم نے کوتاہی کی اسکے بارے میں،

وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا

اور وہ اٹھائے ہیں اپنے بوجھ اپنی پیٹھ پر۔ ارے کتنا برا بوجھ لادے ہیں● اور نہیں

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ

ہے دنیاوی زندگی مگر کھیل کود۔ اور بیشک آخرت والا گھر بہتر ہے انکے لئے جو ڈریں۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

تو کیا تم لوگ نہیں سمجھتے● ہم کو معلوم ہے، کہ بیشک تم کو رنج ہوتا ہے جو یہ لوگ بکتے ہیں۔ تو یقیناً یہ

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

تم کو نہیں جھٹلاتے، لیکن ظالم لوگ اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہیں● اور بیشک

كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى

جھٹلائے گئے رسول تم سے پہلے کے، تو سب نے صبر کیا اسپر کہ جھٹلائے گئے، اور دکھ دیئے گئے، یہاں تک

اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی

کہ آ گئی انکے پاس ہماری مدد۔ کوئی نہیں بدلنے والا اللہ کی باتوں کا، اور بیشک آ چکی ہیں تمہارے پاس

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ

رسولوں کی خبریں● اور اگر گراں گزرا تمہیں ان کا انکار، تو اگر تم از خود سکت رکھتے ہو

اَنْ تَبْتَغِیَ نَفَقًا فِی الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِی السَّمَآءِ فَتَاْتِیَهُمْ بِاٰیَةٍ ؕ

کہ ڈھونڈھ نکالو کوئی سرنگ زمین میں، یا سیڑھی آسمان میں، پھر خود سے لے آؤ انکے پاس کوئی نشانی۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

حالانکہ اگر اللہ چاہتا، تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ تو تم جاہلوں کے ساتھ مت رہو●

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ

بات وہی قبول کرتے ہیں جو سنتے ہیں۔۔۔ اور ان مرے ہوؤں کو اٹھائے گا اللہ، پھر اسی کی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

لوٹائے جائینگے● اور سب بولے کہ کیوں نہیں اتاری گئی ان پر کوئی عذاب کی نشانی انکے پروردگار کی طرف سے، کہہ دو کہ بیشک اللہ

قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ

قادر ہے اس پر کہ اتار دے نشانی عذاب کی، لیکن ان کے زیادہ لوگ بے علم ہیں● اور کوئی

دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا

چرند نہیں زمین میں، اور کوئی پرند نہیں جو اپنے بازوؤں پر اڑتا ہے، مگر ایک ایک نوع تمہاری طرح۔

فَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ

ہم نے نہیں چھوڑا کتاب میں کچھ، پھر اپنے پروردگار کی طرف یہ سب ہانکے جائینگے● اور جنھوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِی الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ

جھٹلایا ہماری نشانیوں کو، بہرے اور گونگے، اندھیریوں میں ہیں۔ جسے اللہ چاہے اسکی گمراہی ظاہر کر دے۔

وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ

اور جسے چاہے اس کو سیدھی راہ پر لگا دے● پوچھو، کہ بتاؤ اگر

اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ

آ گیا تم پر اللہ کا عذاب، یا آ گئی تم پر قیامت، کیا اللہ کے غیر کو پکارو گے؟ اگر

وقف لازم — الانصاف — وقف مطلق — وقف منزل — عند الیعقوبی لیس بتام

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ

سچے ہو● بلکہ اسی اللہ کو پکارو گے، تو وہ دور کردے جس مصیبت کے لئے پکارتے ہو

اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ ع ۴

اگر چاہے، اور جن کو اللہ کا شریک بناتے ہو انھیں بھول جاؤ گے● اور بیشک بھیجا رسول ہم نے امتوں کی

مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾

طرف تم سے پہلے، پھر پکڑا ہم نے ان کو خوف ناک بلا اور دردناک بیماری سے، کہ وہ کہیں گڑگڑا پڑیں●

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ

تو کیوں نہ جب آ گیا ان پر ہمارا عذاب تو گڑگڑا اٹھے۔ لیکن سخت ہو گئے ہیں انکے دل، اور ہنر بنا دیا

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا

انکی نگاہ میں شیطان نے جو وہ عیب کرتے تھے● پھر جب بھول ہی گئے جو انکو نصیحت کی گئی تھی، تو کھول دیئے ہم نے

عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ

ان پر ہر چیز کے دروازے، یہاں تک کہ جب خوش ہو گئے اس سے جو دے دیا گیا انھیں، تو پکڑا ہم نے انکو

بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ

اچانک، تو اب وہ بے آس ہیں● پھر کاٹ دی گئی جڑ ظالم قوم کی۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ

اور ساری خوبیاں اللہ کیلئے ہے پروردگار سارے جہان کا● پوچھو، کہ "یہ بتاؤ کہ اگر لے لے اللہ تمہارے کان

وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ

اور تمہاری آنکھیں اور مہر لگا دے تمہارے دلوں پر، تو کون معبود ہے اللہ کا غیر جو تمہارے لئے سب لا دے؟"

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ

دیکھو کہ کس طرح سے ہم آیتیں پیش کرتے ہیں، پھر وہ لوگ روگرداں رہتے ہیں● پوچھو، کہ "یہ بتاؤ کہ

اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ

اگر آ پڑا اللہ کا عذاب تم پر بے بتائے، یا کھلے بند، تو کون ہلاک کیا جائے گا سوا ظالم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ

قوم کے؟"● اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو، مگر مژدہ سناتے اور ڈراتے۔

فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ

تو جو مان گیا، اور درست بن گیا، تو نہ کوئی ڈر اسے، اور نہ وہ رنجیدہ ہوں● اور

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتیں، تو لپٹے گا انہیں عذاب، کیونکہ وہ نافرمان ہیں●

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ

کہہ دو، کہ "میں تم سے نہ یہ کہوں کہ میرے ہی پاس اللہ کے خزانے ہیں، اور نہ یہ کہ میں غیب ہی جانتا ہوں، اور نہ

اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

تم سے یہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ نہیں ہے میرا کوئی فعل وقول مگر جو وحی بھیجی گئی مجھ تک"۔ پوچھو، کہ "کیا برابر ہیں

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ ع ۱۱

اندھے اور انکھیارے؟" تو کیا نہیں سوچتے● اور ڈراؤ اس سے انھیں جو خوف کریں،

اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

کہ حشر کئے جائیں اپنے پروردگار کی طرف۔ کہ نہیں ہے اس کے سوا ان کا کوئی مددگار اور نہ سفارشی،

لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

کہ وہ پرہیزگار ہو جائیں● اور نہ نکالو انھیں جو پکاریں اپنے پروردگار کو صبح

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

وشام، طالب ذات ہو کر۔ نہ تم پر ان کا کچھ حساب ہے،

وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ

اور نہ تمہارا کچھ حساب ان پر ہے۔ اب ان کو نکال دو تو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ

بیجا ہوگا● اور اسی طرح سے ہم نے فتنہ قرار دے دیا ان میں سے ایک کو دوسرے کیلئے، تاکہ بکا کریں کہ یہی

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

نادار ہیں جن پر احسان فرمایا اللہ نے ہم میں سے۔ کیا اللہ شکر گزاروں کو نہیں جانتا؟●

وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ

اور جب آ گئے تمہارے پاس وہ، جو ہماری آیتوں کو مانیں، تو کہو کہ تم پر سلام ہے۔ لکھ دیا

رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ

تمہارے پروردگار نے اپنے کرم پر رحمت کو، کہ بلاشبہ جس نے تم میں سے کرلیا برا کام نادانی سے،

ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

پھر توبہ کرلی اس کے بعد، اور درست ہوگیا، تو بیشک اللہ غفور رحیم ہے● اور اسی طرح سے ہم آیتوں

الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ ع ۱۲ ۶

کی تفصیل کرتے ہیں، اور تا کہ ظاہر ہوجائے مجرم لوگوں کا طریقہ● بتادو کہ بیشک میں روکا گیا ہوں اس سے کہ

اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ

پوجوں انھیں کہ تم جن کی دہائی دیتے ہو اللہ کو چھوڑ کر، کہہ دو، کہ "میں تمہارے خیالات کا تابع نہیں ہوں۔

قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّيْ عَلٰي بَيِّنَةٍ

کہ ایسا ہو تو میں بہک گیا، اور راہ پر نہ رہا"● کہو، کہ "بیشک میں اپنے پروردگار کی

مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ

روشن دلیل پر ہوں، اور تم نے اس کو جھٹلا دیا۔ میرے پاس وہ عذاب نہیں جسکی تم کو جلدی ہے"۔ حکم ہے بس

اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ

اللہ کا۔ بتا دیتا ہے حق، اور بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے● کہہ دو، کہ "اگر میرے ہی پاس ہوتا

مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

وہ عذاب جسکی جلدی مچا رہے ہو، تو اپنے اور تمہارے درمیان فیصلہ کر دیا گیا ہوتا" اور اللہ زیادہ جانتا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ

ظالموں کو● اور اسی کے پاس ہیں غیب کی کنجیاں۔ نہیں بتا تا مگر وہی۔ اور وہ جانتا ہے

مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ

جو کچھ خشکی اور تری میں ہے۔ اور نہیں گرتا کوئی پتہ، مگر وہ اس کو جانتا ہے، اور نہ کوئی دانہ

ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَ

زمین کی اندھیریوں میں، اور نہ تر اور نہ خشک، مگر سب ایک روشن کتاب میں ہے●

هُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

وہ ایسا ہے، کہ وفات دیتا ہے تم کو رات میں، اور جانتا ہے جو تم دن میں کما چکے ہو، پھر تم کو جگا اٹھاتا ہے،

فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

تا کہ پوری کر دی جائے میعاد مقرر۔ پھر اسی کی طرف تمہارا لوٹنا ہے، پھر بتا دے گا تم کو جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ ع ۷ ۱۳

کر رہے تھے● اور وہ زبردست ہے اپنے بندوں پر، اور بھیجتا ہے تم پر نگراں کار،

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾

یہاں تک کہ جب آ گئی تم میں سے کسی کی موت، تو عمر پوری کر دی اسکی ہمارے قاصدوں نے، اور وہ کوتاہی نہیں کرتے●

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۖ وَهُوَ اَسْرَعُ

پھر لوٹا دیئے گئے اللہ کی طرف، ان کا حقیقی مولیٰ۔ سن رکھو کہ حکم اسی کا ہے۔۔۔ اور وہ جلد

الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ

حساب فرمانے والا ہے● پوچھو کہ کون نجات دیتا رہتا ہے تمہیں خشکی اور تری کے اندھیروں سے،

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾

جس سے دعا کرتے ہو گڑگڑا کر اور چپکے، کہ اگر اس بلا سے نجات دے دی، تو ہم ضرور شکرگزار ہوں گے●

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ

بتا دو کہ اللہ نجات دیتا ہے تم کو اس سے اور ہر مصیبت سے، پھر تم شریک بناتے ہو● کہہ دو

هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ

کہ وہ قادر ہے اس پر کہ بھیج دے تم پر عذاب، اوپر سے اور

تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ

پاؤں تلے سے، یا کر دے تم کو شیعہ شیعہ، اور مزا چکھا دے ایک کو دوسرے کی لڑائی کا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

دیکھو کہ ہم کس طرح، طرح طرح سے آیتیں بتاتے ہیں کہ وہ سمجھ سے کام لیں● اور جھٹلایا اس کو تمہاری قوم نے

وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّسَوْفَ

حالانکہ وہ حق ہے۔ صاف کہہ دو کہ میں تمہارا ذمہ دار نہیں ہوں● ہر بات کا وقت ہے۔ اور جلد

تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ

تم جان لو گے● اور جب تم دیکھ پائے ان کو، جو نکتہ چینی کریں ہماری آیتوں میں، تو منہ پھیر لو

عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ

ان سے، یہاں تک کہ لگ جائیں کسی دوسری بات میں۔ اور اگر بھلاوا دے تم کو شیطان،

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ

تو نہ بیٹھو یاد آجانے پر ظالم قوم کے ساتھ ● اور ان پر جو

يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾

تقویٰ شعار ہیں کچھ سوال نہیں، لیکن نصیحت کر دینا، کہ وہ ڈر جائیں ●

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

اور انھیں چھوڑو جنھوں نے بنالیا اپنا دین کھیل کود، اور دھوکہ دے دیا ان کو دنیاوی زندگی نے،

وَذَكِّرْ بِهٖۤ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ

اور قرآن سے نصیحت دو، کہ کوئی ہلاکت میں ڈال دیا گیا اپنے کرتوت کی وجہ سے، نہ رہ گیا اسکا بنایا ہوا اللہ کو چھوڑ

اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ

کر مددگار نہ سفارشی۔ اور اگر اپنا معاوضہ میں دے سارے بدلے تو لیا نہ جائے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّ

وہ ہیں جو ہلاک کر دیئے گئے اپنے کرتوتوں سے۔ انکے لئے پینے کو کھولتا پانی اور

عَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ع ۱۴

دکھ دینے والا عذاب ہے۔ سزا ہے اسکی جو کفر کیا کرتے تھے ● کہہ دو کہ کیا ہم دہائی دیں تمہارے، اللہ کو چھوڑ کر،

مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

بنائے کو؟ جو نہ ہمارا بنا سکیں نہ بگاڑ سکیں، اور الٹے رخ پلٹا دیئے جائیں، بعد اسکے کہ ہدایت دے دی ہم کو اللہ نے،

كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ

جیسے وہ جس کو پھسلا کر کر دیا شیطانوں نے زمین میں حیرت زدہ۔ اس کے کچھ لوگ ہیں

يَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ

جو اسے بلا رہے ہیں ہدایت کی طرف، کہ ہمارے پاس آجاؤ۔ کہہ دو کہ اللہ کی ہدایت ہی تو ہدایت ہے۔

وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَ

اور ہمیں حکم دیا گیا، کہ ہم گردن جھکا دیں سارے جہان کے پروردگار کیلئے ● اور یہ کہ نماز قائم رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔

هُوَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

وہ ہے جس کی طرف تمہارا حشر کیا جائے گا● وہی ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَیَوْمَ یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ

زمین کو بالکل ٹھیک۔ اور جس دن فرمائیگا کہ ہوجا، تو ہوجائیگا جو نہ رہا ہوگا۔۔۔ اسکی بات حق ہے۔ اور اسی کی

الْمُلْكُ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ

حکومت ہے جس دن پھونکا جائے گا صور میں۔ غیب وشہادت کا جاننے والا۔ اور وہی

الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا

حکمت والا خبردار ہے● اور جبکہ کہا ابراہیم نے اپنے بابا آزر کو، کہ کیا بناتے ہو بتوں کو

اٰلِهَةً ۚ اِنِّیْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ

معبود؟ بیشک میری رائے میں تم اور تمہاری قوم کھلی گمراہی میں ہے● اور اسی طرح دکھاتے ہیں ہم ابراہیم

مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ

کو مملکت آسمانوں کی اور زمین کی، اور تاکہ چشم دید یقین کرنے والوں سے ہوجائیں● پس جب چھا گئی

عَلَیْهِ الَّیْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ

ان پر رات، ایک تارہ کو دیکھا اور کہا "ایں یہ ہمارا پروردگار ہے"، پھر جب وہ ڈوب گیا، کہا "میں ڈوبنے والوں کو

الْاٰفِلِیْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ

پسند نہیں کرتا"● پھر جب دیکھا چاند کو چمکتا، کہا "اچھا یہ ہے ہمارا پروردگار"، پھر جب ڈوب گیا، تو کہا، کہ "بیشک اگر

لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ

راہ نہ دیتا مجھ کو میرا پروردگار، تو میں ضرور گمراہ قوم سے ہوجاتا"● پھر جب دیکھا آفتاب کو

بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ

چمکتا ہوا، کہا "افوہ یہ ہے ہمارا پروردگار"، "یہ بہت بڑا ہے"۔ پھر جب وہ ڈوب گیا، "کہا اے قوم بیشک میں

بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

بیزار ہوں ان سے جنکو تم شریک ٹھہراتے ہو● بیشک میں متوجہ کر چکا یکسو ہوکر، اپنے رخ کو اسکی طرف جس نے پیدا

وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۷۹﴾ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ

فرمایا آسمانوں کو اور زمین کو، اور میں مشرکین سے نہیں ہوں"● اور حجت لڑائی ان سے ان کی قوم نے، تو کہا

اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖۤ اِلَّاۤ

کہ کیا حجت بازی کرتے ہو مجھ سے اللہ کے بارے میں، حالانکہ وہ مجھے راہ دے چکا، اور میں ڈرتا ہی نہیں انکو جن کو

اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾

تم شریک ٹھہراتے ہو، مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی کچھ چاہے۔ چھا گیا ہمارے پروردگار کا علم ہر چیز پر، تو کیا تم لوگ نصیحت نہیں حاصل کرتے؟●

وَكَیْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا

اور میں کیسے ڈروں اسے جس کو تم نے شریک بنالیا ہے،؟ حالانکہ تم کو ڈر نہیں لگتا کہ تم نے اللہ کا شریک اس کو بنا رکھا ہے

لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ

جس کی اس نے نہیں نازل فرمائی کوئی سند۔ ”تو ہر دو فریق میں امن کا حق دار کون ہے؟“ بولو ”اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ

علم کا دعویٰ رکھتے ہو“۔--● جو لوگ ایمان لائے اور نہ ملایا اپنے ایمان کو باطل کے ساتھ، وہ کہ انھیں

لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ حُجَّتُنَاۤ اٰتَیْنٰهَاۤ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی ع ۱۴ ۱۵

کیلئے امن ہے اور وہی راہ پائے ہیں● اور یہ ہماری جیتی بات ہے، جو دی تھی ہم نے ابراہیم کو ان کی

قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا

قوم پر۔ ہم بلند فرماتے ہیں درجے جسکے چاہیں۔ بیشک تمہارا پروردگار حکمت والا علم والا ہے● اور دیا ہم نے

لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَیْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ

ان کو اسحٰق و یعقوب۔ سب کو راہ دی۔ اور نوح کو ہم راہ دے چکے تھے پہلے سے، اور

ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ؕ وَ

ان کی نسل سے داؤد و سلیمان و ایوب و یوسف و موسیٰ و ہارون کو۔ اور

كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۸۴﴾ ۙ وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰی وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ ؕ

اسی طرح ہم اجر دیتے ہیں مخلص بندوں کو● اور زکریا و یحییٰ و عیسیٰ و الیاس،

كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۵﴾ ۙ وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا

سب بڑی اہلیت والے ہیں● اور اسماعیل و الیسع و یونس و لوط۔ اور

فَضَّلْنَا عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۶﴾ ۙ وَمِنْ اٰبَآىِٕهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَ

ہم نے سب کو فضیلت دی تھی دوسروں پر● اور بعض ان کے باپ دادے اور اولاد اور بھائی لوگ، اور

اجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ

ہم نے انھیں مقبول بنایا اور چلا دیا ان کو سیدھی راہ پر● یہ اللہ کی ہدایت ہے،

يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

کہ اس کی ہدایت فرمادے جسے چاہے اپنے بندوں سے۔ اور اگر شرک وہ کرتے، تو اکارت جاتے جو ان کے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ

اعمال تھے● وہ ہیں جنھیں دی ہم نے کتاب اور حکومت اور نبوت، تو اگر

يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ

انکار کردیں اسکا یہ لوگ، تو ہم نے تیار کر رکھا ہے اسکے لئے ایسے لوگ، جو انکار کرنے والے نہیں● وہ ہیں

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ

جنھیں طریقہ پر رکھا اللہ نے، تو ان کے طریقہ پر چلا کرو۔ کہہ دو کہ ہم نہیں چاہتے تم سے اس پر کوئی اُجرت۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا ۱۰ ع ۱۴

یہ نہیں ہے مگر نصیحت سارے جہان کیلئے● اور نہیں قدر کی اللہ کی جو قدر کرنے کا حق ہے، جب کہ وہ بول پڑے

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ

کہ نہیں اتارا اللہ نے کسی انسانی چہرہ والے پر کچھ۔ پوچھو کہ کس نے نازل فرمائی وہ کتاب جس کو

جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا

موسیٰ لائے، نور اور ہدایت لوگوں کیلئے، بناتے رہتے ہو اس کو جدا جدا کاغذ اسے ظاہر کرتے ہو

وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ

اور زیادہ حصہ چھپا ڈالتے ہو۔ اور بتائی گئیں تم کو وہ باتیں، جن کو نہ تم جانتے تھے نہ تمہارے باپ دادے تمہیں جواب دو، کہ "اللہ"،

ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ

پھر انھیں چھوڑ دو کہ اپنی ہٹ دھرمی کا کھیل کھیلا کریں● اور یہ کتاب ہے اس کو ہم نے نازل فرمایا، برکت والی، تصدیق کرنیوالی،

الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

جو اس سے آگے تھیں، اور تاکہ ڈرا دو انسانی آبادیوں کی بنیاد کو، اور اسکے ہر جانب والوں کو، اور جو آخرت کو

بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

مانیں، وہ اس کو بھی مانیں، اور وہ اپنی نمازوں پر نگرانی رکھیں● اور اس سے زیادہ ظالم کون؟

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ

جو تہمت باندھے اللہ پر جھوٹ کا، یا بولا ہو کہ میری طرف وحی آئی، حالانکہ اسے کچھ وحی نہ کی گئی۔

شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

اور جس نے ڈینگ ماری کہ بہت جلد میں نازل کئے دیتا ہوں، جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے، اور اگر دیکھتے تم جب

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا

کہ یہ ظالم موت کی تلخیوں میں ہیں، اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلائے ہیں، کہ نکالو

اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

اپنی جانیں۔ آج تم کو ذلت کا عذاب دیا جائے گا، جو بکا کرتے تھے اللہ پر

غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى

ناحق۔ اور اس کی آیتوں سے شیخی مارتے تھے ● اور بیشک تم لوگ آئے ہمارے پاس علیحدہ علیحدہ

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى

جس طرح سے کہ پیدا فرمایا تھا ہم نے پہلی بار۔ اور چھوڑ آئے جو ہم نے پونجی تم کو دی تھی اپنے پیٹھ پیچھے۔ اور نظر نہیں آتے

مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ

تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارشی، جن کو تم نے سمجھ رکھا تھا کہ وہ تمہارے حق میں اللہ کے شریک ہیں۔ بیشک کٹ گئے

بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ

آپس میں اور کھو گیا تم سے جو دعویٰ کرتے تھے ● بیشک اللہ ہے پھاڑنے والا تخم اور

النَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ

گٹھلی کا۔ وہ نکالے زندہ کو مردہ سے، اور نکالنے والا ہے مردہ کو زندہ سے۔ یہ ہے تمہارا

اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّ

اللہ، تو کہاں منہ کے بل گرتے ہو ● پھاڑ کر صبح کو لانے والا، اور بنا دیا رات کو وقت سکون۔ اور

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

سورج اور چاند کو وقت کا حساب۔ یہ باندھا ہوا ہے غلبہ والے علم والے کا ● اور وہی ہے

جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ

جس نے بنایا تمہارے لئے ستاروں کو کہ راہ پاؤ اس سے اندھیریوں میں، خشکی اور تری کی۔

ع ۱۲

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

ہم نے تفصیل کردی نشانیوں کی انکے لئے جو علم رکھتے ہوں● اور وہی ہے جس نے پیدا فرمایا تم کو

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

ایک جان سے، تو جائے قیام بھی ہے اور محل وداع بھی۔ بیشک تفصیل فرمادی ہم نے آیتوں کی انکے

يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ

لئے جو سمجھیں● وہی جس نے برسایا آسمان سے پانی، پھر نکالا ہم نے اس سے ہر

كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ

قسم کے پودے، پھر نکالا ہم نے اس سے ہرا بھرا، جس سے ہم نکالتے ہیں دانے تلے اوپر تلے۔

وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ

اور کھجور کے گابھے سے گچھے لپٹے ہوئے، اور باغ، انگور

وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى

اور زیتون اور انار کے، کسی بات میں یکساں اور کسی میں جدا۔ تم لوگ دیکھو

ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

پھل کو جب پھلے اور اس کا پکنا۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں انکے لئے جو مانیں●

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ

اور بناڈالا انھوں نے اللہ کا شریک قوم جن کو، حالانکہ جنات کو اس اللہ ہی نے پیدا فرمایا ہے، اور ان لوگوں نے تراش لیا اللہ

بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ع ۱۲ ۱۸

کیلئے بیٹے اور بیٹیاں نادانی سے۔ پاک اور بالا ہے وہ اس سے جو جھک مارتے ہیں● بدعت فرمانے والا آسمانوں اور زمین

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَ

کے پیدا کرنے میں۔ اسکے اولاد کہاں؟ جبکہ اسکی کوئی زوجہ نہیں۔ اور پیدا فرمایا اسی نے ہر چیز۔ اور

هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ

وہ سب کچھ جاننے والا ہے● یہ ہے اللہ تم سب کا پروردگار۔ نہیں ہے کوئی معبود اسکے سوا۔ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ

پیدا کرنے والا، تو اسی کو پوجو۔ اور وہ ہر ایک کا کارساز ہے● نہیں پاتیں اس کو

الْاَبْصَارُ ۚ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾ قَدْ جَآءَكُمْ

آنکھیں۔ اور وہ خوب جانتا ہے ساری آنکھوں کو۔ اور وہ لطافت والا باخبر ہے ● بیشک آگئیں تمہارے پاس

بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ

آنکھ کھولنے والی باتیں تمہارے رب کی طرف سے۔ تو جس نے آنکھ کھولی تو اپنے بھلے کو۔ اور جو اندھا رہا تو اپنے برے کو۔ اور

اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ

میں نہیں ہوں تم پر نگرانی کا ذمہ دار ● اور اسی طرح سے، طرح طرح سے ہم آیتیں بیان کرتے ہیں اور تا کہ سب کہہ پڑیں کہ تم

وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ

نے تو لکھ پڑھ لیا، اور تا کہ روشن کر دیں ہم اس کو علم والی قوم کیلئے ● چلو، جو وحی فرمائی جائے تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی

اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَ

طرف سے۔ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل اسکے سوا، اور رخ پھیر لو مشرکین سے ● اور اللہ کا چاہا ہوتا تو وہ مشرک نہ ہوتے۔ اور

مَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾ وَلَا تَسُبُّوا

نہیں کیا ہم نے تم کو ان پر نگرانی کا ذمہ دار۔ اور نہ تم ان کے جواب دہ ہو ● اور مت برا کہو

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

انھیں، جن کو اللہ کو چھوڑ کر معبود بنائے ہیں، کہ وہ بھی بے ادبی کرنے لگیں اللہ کی بڑھ بڑھ کر نادانی سے۔

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

اسی طرح خوب صورت دکھا دیا ہم نے ہر امت کو انکا کیا دھرا۔ پھر اپنے پروردگار کی طرف انکا پھرنا ہے، تو بتا دیگا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ

وہ ان کو جو کرتے دھرتے تھے ● اور قسم کھا بیٹھے اللہ کی، بڑے زور کی قسم، کہ اگر آ گئی ان کے پاس

اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ

عذاب کی نشانی، تو ضرور مان لینگے اس کو۔ کہہ دو، کہ "ساری نشانیاں اللہ کے پاس ہیں"، اور کیا پتہ کہ جب نشانی

اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا

آتی تو نہ مانتے ● اور ہم الٹ پلٹ دیں گے ان کے دلوں اور آنکھوں کو، جیسا

لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۳ ۱۰ ۱۹

کہ انھوں نے نہیں مانا اس کو پہلی بار، اور چھوڑ دیں گے انھیں، کہ اپنی سرکشی میں چکراتے رہیں ●